## عیدالاضحیٰ کا پہلا دن

# چارسدہ میں عیدالاضحیٰ کی نماز میں ہونے والا خودکش بم دھماکہ سفاکانہ، وحشیانہ اور بربریت کا واقعہ ہے۔ الطاف حسین

## عید کے موقع پر بے گناہ مسلمان نوجوانوں، بزرگوں اور معصوم بچوں کو خون میں نہلانے والے مسلمان نہیں ہو سکتے

## خودکش دھماکہ پر آفتاب شیر پاؤ سے اظہار ہمدردی۔ جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔ 21 دسمبر 2007ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے ضلع چارسدہ میں عیدالاضحیٰ کی نماز کے دوران ہونے والے خودکش بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو نہایت سفاکانہ، وحشیانہ اور بربریت کا واقعہ قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ وزارت داخلہ کے مطابق یہ خودکش حملہ سابق وزیر داخلہ آفتاب شیر پاؤ کو نشانہ بنانے کیلئے کیا گیا تھا۔ انہوں نے قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی مسلمان عیدالاضحیٰ کے موقع پر اور عید کی نماز میں خودکش حملے جیسا گھناؤنا اور وحشیانہ عمل نہیں کر سکتا اور جنہوں نے اپنے مذموم مقاصد کیلئے عید کے موقع پر یہ وحشیانہ عمل کر کے بے گناہ مسلمان نوجوانوں، بزرگوں اور معصوم بچوں کو خون میں نہلایا ہے وہ مسلمان نہیں ہو سکتے اور یہ عمل اسلام کی خدمت نہیں بلکہ دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کرنے کی سازش ہے۔ جناب الطاف حسین نے اس واقعہ پر سابق وزیر داخلہ اور پیپلز پارٹی شیر پاؤ کے سربراہ آفتاب شیر پاؤ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور واقعہ میں زخمی ہونے والے انکے بیٹے اور بھتیجے کی صحتیابی کی دعا کی۔ جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کیلئے دعائے مغفرت کی اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی بھی دعا کی۔

# الطاف حسین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں فون کر کے فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو خراج تحسین اور عید کی مبارکباد پیش کی

کراچی ۔۔۔ 21 دسمبر 2007ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں لگائے گئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں فون کر کے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے مرکزی کیمپ پر موجود خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین، فاؤنڈیشن کے دیگر ذمہ داروں، ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور مختلف شعبوں کے ذمہ داروں اور کارکنوں سے فرداً فرداً گفتگو کی اور انہیں عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں نے بھی جناب الطاف حسین کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے عید کے موقع پر انسانیت کی خدمت کیلئے اپنی نجی اور گھریلو مصروفیات ترک کر کے قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں محنت سے کام کرنے پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تمام عہدیداروں، رضا کاروں اور ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

# کراچی کی بزنس کمیونٹی کی جانب سے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 250 سے ایم کیو ایم نامزد امیدوار خوش بخت شجاعت اور سندھ اسمبلی کے حلقہ پی ایس 113 سے ایم کیو ایم کے نامزد امیدوار عسکری تقوی کی حمایت کا اعلان

کراچی ۔۔۔ 21 دسمبر 2007ء ۔۔۔ کراچی کی بزنس کمیونٹی نے عام انتخابات کے سلسلے میں قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 250 سے ایم کیو ایم نامزد امیدوار خوش بخت شجاعت اور سندھ اسمبلی کے حلقہ پی ایس 113 سے ایم کیو ایم کے نامزد امیدوار عسکری تقوی کی مکمل حمایت کا اعلان کیا اور انہیں انتخابات میں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اس بات کا اعلان بزنس کمیونٹی کے نمائندوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام انتخابی مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز ڈیفنس فیز 2 میں منعقدہ کارنر میٹنگ میں کیا جس میں کراچی کی بزنس کمیونٹی کے اراکین، نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کارنر میٹنگ سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن عادل صدیقی، حق پرست امیدواروں محترمہ خوش بخت شجاعت اور عسکری تقوی نے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ہی وہ واحد جماعت ہے جس کی قیادت نے عوام کا مینڈیٹ ملنے پر

چندافراد یا چند خاندانوں کے مفاد کیلئے نہیں عوام کی حالت بدلنے کیلئے بھرپور جدوجہد کی اور سرکاری خزانہ خرد برد کرنے کے بجائے تعمیر وترقی کے عملی کام کئے، کراچی میں بڑے پیمانے پر ہونے والے ترقیاتی کام اس کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے افراد سے تعلق رکھتی ہے اور اسکے پلیٹ فارم سے الیکشن لڑنے والے افراد بھی غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں، ایم کیوایم انتخابات کے موقع پر پارٹی ٹکٹ فروخت نہیں کرتی جبکہ دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں میں میرٹ کے بجائے ٹکٹوں کا بازار لگایا جاتا ہے۔انہوں نے کراچی کی بزنس کمیونٹی کی جانب سے حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کرنے کا زبردست خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ 8 جنوری کے دن عوام اپنے ووٹ کا استعمال صرف اور صرف دیانتدار اور مخلص امیدواروں کے حق میں ہی کریں گے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان نے عیدالاضحیٰ کی نماز جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی نائن زیرو پر الطاف حسین کی جانب سے گائے کی قربانی کی گئی

کراچی۔۔۔21، دسمبر 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، وسیم آفتاب، ڈاکٹر عاصم رضا، گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد کمال اور ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین نے عیدالاضحیٰ کی نماز جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی۔اس موقع پر ملک وقوم کی سلامتی، استحکام، امن، ترقی وخوشحالی اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جناح گراؤنڈ اور نائن زیرو پر لوگوں سے عید ملی اور انہیں عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو فون کرکے رابطہ کمیٹی کے اراکین، شعبہ جات وونگز کے اراکین اور نائن زیرو پر خدمات انجام دینے والے کارکنوں کو عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سب کو خوشیاں عطا فرمائے اور ہر مصیبت اور مشکلات سے محفوظ فرمائے اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین اور کارکنان نے بھی جناب الطاف حسین کو اپنی جانب سے عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے گائے کی قربانی کی گئی۔رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے گائے کو ذبح کیا جبکہ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم اور دیگر بھی موجود تھے بعدازاں قربانی کی گائے کا گوشت غرباء اور مساکین میں تقسیم کردیا گیا۔

## عیدالاضحیٰ کے پہلے روز عوام نے دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کے جذبے سے متاثر ہوکر قربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بڑی تعداد میں عطیہ کیں

کراچی۔۔۔21، دسمبر 2007ء۔۔۔عیدالاضحیٰ کے پہلے روز عوام نے قربانی کے جانوروں کی کھالیں دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بڑی تعداد میں عطیہ کیں۔چرم قربانی کے حصول کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت مختلف علاقوں میں کیمپ لگائے گئے تھے جہاں بڑی تعداد میں عوام نے صبح ہی سے قربانی کی کھالیں پہنچانا شروع کردیں تھیں اس سلسلے کا مرکزی کیمپ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع ایس ٹی سیون بلاک 14 میں بنایا گیا ہے جہاں دن بھر شہر بھر کے مختلف پوائنٹس سے سوزوکیوں، ٹرکوں، موٹرسائیکلوں پر قربانی کے جانوروں کی کھالیں پہچائی جاتی رہی جسکے باعث وہاں زبردست گہما گہمی دکھائی دی۔چرم قربانی کے سلسلے میں عوام کا جوش وخروش بھی قابل دید تھا اس سلسلے میں بعض بزرگوں اور خواتین نے اپنی پرائیویٹ گاڑیوں میں قربانی کھالوں کو از خود خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر پہنچایا جبکہ بعض افراد بڑی تعداد میں پیدل بھی کھالیں لیکر فاؤنڈیشن کے دفتر پہنچتے دکھائی دیئے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے دفتر میں چرم قربانی کے حصول کے کاموں کی نگرانی کرتے رہے جبکہ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے چرم قربانی کے حصول کیلئے مصروف خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں اور ایم کیوایم کے کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کے جذبہ کی تعریف کی انہوں نے ازخود چرم قربانی لیکر پہنچنے والے بزرگوں اور خواتین کے جذبے کو بھی سراہا اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ساتھ ان کے تعاون پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔کراچی کی طرح اندرون سندھ کے شہروں حیدرآباد، میرپورخاص، سانگھڑ، لاڑکانہ، نوابشاہ، خیرپور، گھوٹکی، کشمور، جیکب آباد، قمبر شہدادکوٹ، سکھر، ٹھٹھہ، بدین، نوشہروفیروز، عمرکوٹ کے علاوہ صوبہ پنجاب، بلوچستان، سرحد اور آزاد کشمیر میں بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت قربانی کے جانوروں کی کھالیں جمع کی گئیں اور یہاں بھی عوام کی بڑی تعداد نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو قربانی کی کھالیں عطیہ کیں۔

## درگاہ اوچ شریف کے سجادہ نشین مخدوم سلطان جہانیاں اور سید نفیس الحسن کی جانب سے الیکشن میں ایم کیو ایم کی حمایت کا اعلان

کراچی ۔۔۔21، دسمبر 2007ء۔۔۔درگاہ اوچ شریف کے سجادہ نشین مخدوم سلطان جہانیاں اور سجادہ نشین دوئم چیئرمین اوچ شریف ٹرسٹ مخدوم سید نفیس الحسن نے الیکشن 2008ء کیلئے سندھ بھر میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے اور اپنے تمام مریدوں کو ایم کیو ایم کو ووٹ دینے کی اپیل کی ہے۔اس سلسلے میں انہوں نے ایم کیو ایم کے مرکز اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو بذریعہ فیکس آگاہ کیا ہے۔

### عید کا دوسرا دن

## مشن و مقصد اور کاز کیلئے قربانی دینے کا عمل لازمی ہوتا ہے، الطاف حسین

## عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر اور نواب شاہ میں کارکنان سے گفتگو

لندن ۔۔۔22، دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ کسی بھی مشن و مقصد اور کاز کیلئے قربانی دینے کا عمل لازمی ہوتا ہے اور قربانی کے بغیر کوئی مقصد کامیاب نہیں ہوسکتا۔ یہ بات انہوں نے عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر اور نواب شاہ میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کیلئے قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں قائم مرکزی کیمپ میں موجود رابطہ کمیٹی، مختلف شعبہ جات، زونل، سیکٹر، یونٹ کمیٹیوں کے ارکان اور کارکنان سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے مرکزی کیمپوں میں موجود ایم کیو ایم کے ذمہ داران و کارکنان کو عید کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی مشن و مقصد اور کاز کیلئے قربانی دینے کا عمل لازمی ہوتا ہے اور قربانی کے بغیر کوئی مقصد کامیاب نہیں ہوسکتا۔انہوں نے کہا کہ ہر سال کی طرح اس سال بھی عید کے موقع پر اپنے اہل خانہ کے ساتھ عید منانے اور عید کی خوشیوں کی قربانی دیکر غریب و مستحق افراد کی امداد کیلئے قربانی کی کھالیں جمع کی ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے محنت و لگن سے قربانی کی کھالیں جمع کرنے پر ایم کیو ایم کے تمام شعبہ جات کے اراکین، تمام قومیتوں، مذہبی اقلیتوں کے ایک ایک کارکن کو دل کی گہرائی سے زبردست شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر اور نواب شاہ کے کارکنان نے بھی جناب الطاف حسین کو عید کی مبارکباد پیش کی۔

## ایران کے سفیر اور قونصل جنرل کی ڈاکٹر فاروق ستار اور شیخ لیاقت حسین سے ملاقات

کراچی ۔۔۔22، دسمبر 2007ء۔۔۔ایران کے سفیر (MASHALLAH SHAKIRI) اور کراچی میں متعین ایران کے قونصل جنرل Mr ZAMANI نے عید الاضحیٰ کے پہلے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور شیخ لیاقت حسین سے ملاقات کی۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران رابطہ کمیٹی نے مہمانوں کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور انہیں عیدالاضحیٰ کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں چرم قربانی کے حصول کیلئے لگائے گئے کیمپ کا دورہ کرایا۔ ملاقات میں پاکستان میں ہونے والے عام انتخابات 2008ء، ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے عوام کی بلاامتیاز و تفریق عملی خدمت کر رہی ہے، شیخ فیروز

## پی ایس 89 میں مری چوک محمدی محلّہ میں کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی ۔۔۔22، دسمبر 2007ء۔۔۔پی ایس 89 کی نشست پر ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدوار شیخ فیروز نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے عوام کی بلاامتیاز و تفریق عملی خدمت اور غریب عوام کے جائز حقوق کا حصول چاہتی ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز مری چوک محمد محلّہ میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شیخ فیروز نے کہا کہ ملک کی تاریخ میں شہر کراچی میں پہلی بار حق پرست قیادت نے بڑے پیمانے پر ترقیاتی و تعمیراتی کام کرائے ہیں اور اور حق پرست قیادت کے ترقیاتی کاموں سے عوامی مسائل تیزی سے حل ہو رہے ہیں۔انہوں نے کارنر میٹنگ کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 8، جنوری کو ہونے والے عام انتخابات میں حق پرست امیدواران کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔

## نام نہاد جمہوریت پسند بلوچستان میں ایم کیوایم کے تیزی سے پھیلتے ہوئے پیغام سے خوفزدہ ہیں، یوسف شاہوانی

## کوئٹہ میں ایم کیوایم کے صوبائی دفتر پر تحریک انصاف کے مسلح دہشت گردوں کے حملے کا فوری نوٹس لیا جائے

## کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ۔۔۔22، دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے انچارج یوسف شاہوانی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ میں ایم کیوایم کے صوبائی دفتر پر تحریک انصاف کے مسلح دہشت گردوں کے حملے اور ایم کیوایم کے کارکنوں اور منتخب نمائندوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کا فوری نوٹس لیا جائے۔انہوں نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایک امن پسند جماعت ہے جو''جیو اور جینے دو'' کے اصول اور عدم تشدد پر یقین رکھتی ہے اور ہم پرامن طریقے سے سندھ، پنجاب اور سرحد کی طرح بلوچستان کے محروم ومظلوم عوام میں بھی اپنی جماعت کا حق پرستانہ پیغام پھیلا رہے ہیں۔یہ بات انہوں نے ہفتہ کے روز کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر صوبائی کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حریک انصاف کے مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے صوبائی دفتر پر جو مسلح حملہ کیا ہے وہ کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔اس سے پہلے بھی تحریک انصاف کے دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم کے کارکن کو تشدد کا نشانہ بنایا جاچکا ہے۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف اور اے پی ڈیم میں شامل دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں کے یہ بیانات ریکارڈ پر موجود ہیں کہ ہم الیکشن کا بائیکاٹ کامیاب بنانے کیلئے ہر طریقہ اختیار کریں گے اور لوگوں کو الیکشن میں حصہ لینے اور پولنگ اسٹیشن جانے سے روکیں گے۔تو اب تحریک انصاف اور اے پی ڈیم کے دہشت گردوں نے الیکشن کے بائیکاٹ کیلئے دہشت گردی کا سہارا لینا شروع کردیا ہے اور آج کا واقعہ ان کی دہشت گردی کا کھلا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کے اس مذموم واقعہ نے تحریک انصاف کے گھناؤنے چہرے سے نام نہاد جمہوریت پسندی کا نقاب اتار پھینکا ہے اور عوام نے خود دیکھ لیا ہے کہ اٹھتے بیٹھتے جمہوریت،انسانی حقوق اور شہری آزادی کی باتیں کرنے والے کس طرح اسلحہ اور دہشت گردی کے زور پر سیاسی مخالفین کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں اور ہماری سیاسی آزادی سلب کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے رہنما محض سیاسی مخالفت کی بنیاد پر ایم کیوایم پر دہشت گردی اور اسلحہ کی سیاست کا الزام لگاتے ہیں لیکن آج جس طرح تحریک انصاف کے مسلح دہشت گردوں نے جدید وخودکار ہتھیاروں سے ایم کیوایم کے صوبائی دفتر پر حملہ کیا ہے اس نے اصل حقیقت کھول کر سامنے رکھ دی ہے کہ اصل دہشت گرد کون ہے اور اسلحہ کی سیاست کون کررہا ہے۔عوام دیکھ لیں کہ اصل دہشت گرد یہی لوگ ہیں اور دراصل یہی فاشسٹ عناصر ہیں جو ایم کیوایم کا وجود تک برداشت نہیں کررہے ہیں اور اسلحہ اور دہشت گردی کے ذریعے بلوچستان سے ایم کیوایم کا وجود ختم کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم واضح کردینا چاہتے ہیں کہ ایم کیوایم ایک امن پسند جماعت ہے جو''جیو اور جینے دو'' کے اصول اور عدم تشدد پر یقین رکھتی ہے اور ہم پرامن طریقے سے سندھ، پنجاب اور سرحد کی طرح بلوچستان کے محروم ومظلوم عوام میں بھی اپنی جماعت کا حق پرستانہ پیغام پھیلا رہے ہیں لیکن آمریت اور دہشت گردی کی کھوکھ سے جنم لینے والے دہشت گرد عناصر اسلحہ کے زور پر ہمیں دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں۔یہ لوگ دراصل سندھ، پنجاب اور سرحد کی طرح بلوچستان میں بھی ایم کیوایم کے تیزی سے پھیلتے ہوئے پیغام سے خوفزدہ ہیں اسلئے ایم کیوایم کے خلاف دہشت گردی کے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں لیکن ان عناصر کو بتادینا چاہتے ہیں کہ ہم ان اوچھے ہتھکنڈوں سے خوفزدہ ہونے والے نہیں ہیں اور ہم مخالفین کی تمام تر دہشت گردیوں کے باوجود پرامن طریقے سے ایم کیوایم کا پیغام پھیلاتے رہیں گے۔ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی کمیٹی نے صدر مملکت پرویز مشرف، نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو، گورنر بلوچستان اویس غنی، بلوچستان کے نگراں وزیراعلیٰ اور چیف الیکشن کمشنر جسٹس قاضی محمد فاروق سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں ایم کیوایم کے صوبائی دفتر پر تحریک انصاف کے مسلح دہشت گردوں کے حملے اور ایم کیوایم کے کارکنوں اور حق پرست امیدواروں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کا فوری نوٹس لیا جائے اور ایسے دہشت عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے جو اپنی مسلح دہشت گردیوں کے ذریعے کوئٹہ اور پورے صوبہ بلوچستان کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں۔

☆☆☆☆☆